QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 204

صارفین بجلی کی شکایات کیلئے 118 پر فون یا بذریعہ میسج 8118 پر پیغام بھیج سکتے ہیں

کوئٹہ: 13 فروری 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صارفین کی خدمت اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے تمام مصروف عمل ہے۔صارفین کی سہولت کے پیش نظر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی ہدایات پر بجلی سے متعلق شکایات کے اندراج اور فوری ازالے کیلئے فیلڈ آپریشن افسران اور ملازمین شب و روز سرگرم ہیں تاکہ کم سے کم وقت میں صارف کے مسائل کا حل یقینی بنائی جاسکے۔اس سلسلے میں کیسکو کے تمام صارفین بجلی سے متعلق اپنی شکایات کے اندراج اور بروقت ازالہ کیلئے 118 پر براہ راست کال کرسکتے ہیں جبکہ 8118 پر پیغام (SMS) کے زریعے بجلی بل کا حوالہ نمبر لکھ کر ارسال کرسکتے ہیں۔جس پر فوری کارروائی عمل میں لاکر مختصر وقت میں صارف کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔صارفین اپنے متعلقہ سب ڈویژنز کے ٹیلی فون نمبر پر رابطہ کرکے اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ بجلی کی بندش، بلوں میں درستگی، میٹر ریڈنگ کی غلطی اور بجلی کے نئے کنکشن کی فراہمی سے متعلق کسی بھی شکایات کیلئے اب براہ راست 118 پر کال اور موبائل سے بذریعہ میسج (SMS) 8118 پر بجلی بل کا حوالہ نمبر درج کرکے اپنی شکایات ارسال کرسکتے ہیں۔

نمبر: کیسکو پی آر 205

کیسکو کے مختلف افسران کو اگلے عہدوں پر ترقی دے دی گئی، مختلف فیلڈ فارمیشنز میں بطور ایگزیکٹو انجینئرز تعیناتی کے آرڈرز جاری

کوئٹہ: 13 فروری 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے نوٹیفیکشن کے مطابق مختلف ایس ڈی او (جونیئر انجینئرز) کو اسکیل 17 سے اسکیل 18 میں ترقی دے دی گئی ہے اور اُنھیں اگلے عہدوں پر ترقی ملنے کے بعد مختلف فیلڈ فارمیشنز میں بطور ایگزیکٹو انجینئرز تعیناتی کے آرڈرز جاری کردیئے گئے ہیں۔جن میں آفتاب خان مندوخیل کو ایکسئن آر ای ڈی ٹو ڈویژن، بلاول عبداللہ کو ایکسئن آپریشن قلعہ عبداللہ ڈویژن، عامر سنیل کو ڈپٹی منیجر (پی اینڈ ای)، مسکان خان کو ڈپٹی منیجر (ٹیکنکل) مکران سرکل، شیر حسن بڑیچ کو ڈپٹی منیجر (میراڈ)، امان اللہ کو ایکسئن آپریشن قلعہ سیف اللہ ڈویژن، محمد کاشف کو ایکسئن کیسکو (پی اینڈ آئی)، امان اللہ کو ایکسئن اا پریشن ڈویژن کیسکو نوشکی، آصف عزیز مگسی کو ڈپٹی کمرشل منیجر (مکران) سرکل، عمران خان کو ڈپٹی منیجر سیفٹی، عبدالرحیم کو ایکسئن ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن سبی اور امان اللہ کو ایکسئن کیسکو پشین ڈویژن تعینات کردیئے گئے ہیں۔